SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

January 24, 2023

ایس ای سی پی کی جانب سے ماحولیاتی، سماجی اور گورننس کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد

اسلام آباد، جنوری 24:۔ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اقوام متحدہ کے ادارے یو این وومن کے اشتراک سے ماحولیاتی، سماجی اور گورننس (انوائرمنٹ سوشل گورننس) کو بہتر بنانے ہیں کارپوریٹ سیکٹر کے کردار اور اس شعبے میں طویل مدتی مستقل سرمایہ کاری پر بات کرنے کے لیے ای ایس جی سمپوزیم منعقد کیا گیا۔

سمپوزیم میں نجی شعبہ سے بھرپور شرکت دیکھنے میں آئی اور کارپوریٹ سیکٹر کے نمائندوں اور اہم اسٹیک ہولڈرز نے سیمینار کے ورکنگ سیشن میں ماحولیاتی نظام کو بہتر بنانے اور اس سیکٹر میں کامیاب سرمایہ کاری کو یقینی بنانے کے لیے تجاویز وآرا پیش کیں۔

سمپوزیم کا آغاز کرتے ہوئے ایس ای سی پی کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر مسرت جبین نے کہا کہ ای ایس جی سے متعلق تحفظات اور اس کی ضرورت زیادہ محسوس کی جارہی ہے اور سرمایہ کار اور کمپنیاں پائیدار کاروبار کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی ہم آہنگی کے خواہاں ہیں۔ اس موقع پر یو این ویمن پاکستان کی کنٹری نمائندہ شرمیلا رسول نے کہا کہ ملک میں جامع اقتصادی ترقی کو یقینی بنانے کے لیے خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کی ضرورت ہے۔ سیمیانر سے خطاپ کرتے ہوئے ایس ای سی پی کمشنر سعدیہ خان نے پائیدار کاروبار کے تصور کے ارتقاء اس سے متعلق ایس ای سی پی کے اہم اقدامات اور ESG روڈمیپ پر تفصیلی پریزنٹیشن دی۔ سعدیہ خان نے اس سللے میں کمپنیوں کے تحفظات اور ایس ای سی پی کے ای ایس جی فریم ورک پر موصول ہونے والے فیڈبیک پر بھی بات کی۔

اس موضوع پر پینل ڈسکشن بھی ہوئی جس میں پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے چیف ایگزیکٹو فرخ خان، پاکستان بزنس کونسل کے چیف ایگزیکٹو احسان ملک، انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاوئنٹنٹ کے ڈائریکٹر فرخ رحمان اور یو این وومن کی نمائندہ فریحہ عمر اور احمد اقبال نے شرکت کی۔ شرکاء نے خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کے لیے کاروبار کی جگھوں اور بازاروں میں نمائندگی اور ماحول دوست سرمایہ کاری کے طریقوں کو فروغ دینے، اس سلسلےھ میں درپیش چیلنجز اور مستقبل کے ٹھوس اہداف پر تبادلہ خیال کیا۔ کارپوریٹ فنانشل انالسٹ سوسائٹی پاکستان کے ڈائریکٹر محمد شعیب نے پرائیویٹ سیکٹر کے بہترین ماحول دوست معاشرتی ہم آہنگی کے طریقوں کی نقشہ کشی کی ان شعبوں میں گورننس کو بہتر بنانے کے لئے سفارشات پیش کیں۔

چیئرمین ایس ای سی پی عاکف سعید نے اپنے اختتامی کلمات میں سیشن میں مختلف اسٹیک ہولڈرز کی گہری دلچسپی کو سراہتے ہوئے کہا کہ

ایس ای سی پی کے ریگولیٹری ایجنڈے میں کاروباری پائیداری اور اس کے لیے ایک سازگار ایکو سسٹم کے لیے مربوط، جامع اور مرتکز کوشش اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں ESG ریگولیٹری روڈمیپ ایس ای سی پی کا قابل ذکر اقدام ہے۔